# نصاب تعلیم

ابتدائی، ثانوی، اعدادیہ اور خصوصی درجات

۱۴۴۷ھ=۲۰۲۶ء

پتہ
دفتر دارالعلوم ندوۃ العلماء
ٹیگور مارگ، لکھنو ۲۲۶۰۰۷، اتر پردیش (انڈیا)
Darul Uloom Nadwatul Ulama
Tagore Marg, Lucknow - 226007 - UP (INIDA)
E-mail: principal@nadwa.in
Tel: +91-522-2741272

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دارالعلوم ندوۃ العلماء میں حسب ذیل تعلیمی شعبے کام کررہے ہیں:

۱۔ درجات ابتدائی (پرائمری) ۵؍سال (روضہ اور درجہ اطفال اس میں شامل نہیں ہے)

۲۔ درجات ثانوی (مع عربی متوسط) ۵؍سال

۳۔ درجات عالیہ (عالمیت) ۴؍سال

۴۔ تکمیل شریعہ وادب ۱؍سال

۵۔ اختصاص (شریعہ، ادب، تاریخ ودعوہ) ۱؍سال

۱۶ سال (روضہ ودرجہ اطفال ملا کر ۱۸؍سال)

۶۔ درجہ تربیت معلمین، درجہ دعوت اسلامی، درجہ تربیت افتاء، درجات خصوصی، درجات حفظ وقراءت۔

☆ درجات ابتدائی وثانوی میں مضامین دینیہ کے ساتھ ساتھ ضروری عصری مضامین اور اردو وعربی کے ساتھ انگریزی اور ہندی کی بھی تعلیم دی جاتی ہے۔

☆ درجات عالیہ، تکمیل اور اختصاص شریعہ (فقہ، حدیث، تفسیر) اور اختصاص ادب عربی، دعوہ اور تاریخ کی تعلیم جامعات اسلامیہ کا مروجہ نصاب کا پورا لحاظ کرتے ہوئے دی جاتی ہے، نیز ثقافت اسلامی کے ضروری مضامین سے بھی کماحقہ واقفیت کرائی جاتی ہے۔

☆ مذکورہ بالا تعلیم کے علاوہ معلمین کی تربیت اور داعیوں کی تعلیم وتدریب کا بھی بندوبست ہے، جس میں تعلیم کے لیے دارالعلوم ندوۃ العلماء سے فارغین میں سے طلبہ کا انتخاب کیا جاتا ہے۔

☆ عصری تعلیم سے فارغ کالجوں کے طلبہ کے لیے خصوصی درجات کا نظم علاحدہ ہے، جن کو ایک مخصوص پانچ سالہ نصاب کے ذریعہ عالم دین بننے کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔

☆ عربی اور انگریزی زبان میں مہارت اور بے تکلف گفتگو کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے ڈپلومہ کورس بھی ہے۔



## ۱- داخلہ کے بعض ضروری قواعد

☆ دارالعلوم کا تعلیمی سال شوال سے شروع ہوتا ہے۔

☆ دارالعلوم ۱۰؍شوال کو بشرطیکہ تعطیل کا دن نہ ہو، باقاعدہ کھل جائے گا، جدید داخلوں کا سلسلہ اسی روز سے شروع ہوجائے گا، جو عام حالات میں صرف دو ہفتے تک جاری رہے گا۔

☆ دارالعلوم میں داخلہ اور وظیفہ دونوں کے لیے پہلے سے اس کی باضابطہ منظوری لینا ضروری ہے، اس مقصد کے لیے طالب علم یا اس کے سرپرست دارالعلوم کی ویب سائٹ پر موجود داخلہ فارم کی خانہ پری کرکے ۲۵؍شعبان تک جمع (Submit) کردیں، رمضان میں حسب گنجائش منظوری یا عدم منظوری کا فیصلہ کرکے اطلاع دے دی جاتی ہے، لہٰذا باضابطہ منظوری کی اطلاع ملے بغیر داخلہ کی غرض سے دارالعلوم ہرگز نہ آئیں۔

☆ جس جماعت میں طالب علم داخل ہونا چاہے گا اس جماعت سے قبل سال کی ختم شدہ تعلیم کا امتحان لے کر داخلہ دیا جائے گا، لہٰذا نصاب تعلیم دیکھ کر ہی فارم پر کریں۔

☆ درجہ ابتدائیہ کی جماعت اول میں وہ طلبہ لیے جائیں گے جن کی عمر ۱۰؍سال سے زیادہ اور ۶ سال سے کم نہ ہو، جو طلبہ دوسرے تیسرے یا اوپر کے درجہ میں داخل ہونے کی لیاقت رکھتے ہوں گے ان کی عمر کا حساب ان کی ختم شدہ خواندگی کے لحاظ سے کیا جائے گا، مگر خاص حالات میں کسی طالب علم کو مہتمم دارالعلوم اس قاعدہ سے مستثنیٰ کرسکتا ہے۔

☆ درجہ حفظ میں وہی طلبہ داخل ہوسکیں گے جو کم از کم تین پارے حفظ کرچکے ہوں، اس سے کم کی صورت میں درجہ حفظ میں داخلہ نہیں ہوگا، نیز طالب علم کی عمر ۱۱؍سال سے اوپر نہ ہو۔

☆ مندرجہ بالا فارم مہتمم دارالعلوم کے پاس پیش ہوگا، مہتمم بذات خود یا کسی دوسرے مدرس کے ذریعہ امیدوار کی لیاقت کا امتحان لے گا، ممتحن کی رپورٹ کی روشنی میں اس کے تجویز کردہ درجہ میں داخلہ ہوگا۔

☆ اگر کسی طالب علم کا نام کسی سبب مثلاً غیر حاضری وغیرہ سے خارج ہوگیا ہوتو بعد منظوری مہتمم دوبارہ داخلہ فیس ادا کرکے داخل ہوسکے گا، بجز ایسی صورت کے کہ وہ ممنوع الادخال قرار دیا گیا ہو، دوبارہ داخلہ کے وقت پچھلے مطالبات کی ادائیگی ضروری ہوگی۔

## ۲-حاضری

☆ ہر طالب علم کے لیے لازم ہوگا کہ وہ روزانہ اپنے درجہ کے گھنٹوں میں حاضر ہو۔

☆ اگر کوئی طالب علم معذور ہوتو اس کو ایک دن یا اس سے زیادہ کی رخصت کے لیے ایک درخواست مہتمم دارالعلوم کی خدمت میں پیش کرنا ہوگی، درخواست پر نگراں دارالاقامہ کی (اگر طالب علم دارالاقامہ میں رہتا ہو) ورنہ اس کے سرپرست کی تصدیق ہونی چاہیئے۔(معہد کا طالب علم ناظر معہد کو درخواست پیش کرے گا)۔

☆ پانچ روز کی متواتر غیر حاضری پر نام موقوف کردیا جائے گا، اور دس روز متواتر بلا اجازت غیر حاضری پر طالب علم کا نام دارالعلوم سے خارج کردیا جائے گا۔

☆ جو طالب علم اکثر غیر حاضر رہتا ہو، جس کے چال چلن خراب ہوں یا حکم عدولی یا گستاخی کرے اس کو مہتمم فہمائش وتنبیہ کرے گا، اگر یہ موثر نہ ہوا تو اس کا نام دارالاقامہ یا دارالاقامہ ودارالعلوم دونوں سے خارج کرسکتا ہے اور اگر ضرورت ہوتو آئندہ کے لیے ممنوع الادخال قرار دے سکتا ہے۔

☆ جس طالب علم کا نام دار العلوم سے خارج ہوگا وہ دار الاقامہ سے فوراً خارج کردیا جائیگا اور محرر دارالعلوم اس کی اطلاع نگراں دارالاقامہ کو دے گا۔

## ۳-دارالاقامہ

☆ دارالاقامہ میں صرف وہی طلبہ قیام کرسکتے ہیں، جو بہ ادائے فیس یا بمد وظائف کھانا کھاتے ہوں، کسی خاص حالت میں طالب علم کو صرف قیام کی اجازت دی جاسکتی ہے، بشرطیکہ وہ دار الاقامہ اور روشنی وغیرہ کی فیس ادا کرے، جو عام حالات میں



-/250 روپیہ ماہانہ ہوگی، اس قسم کی اجازت کا اختیار مہتمم کو ہوگا، جسے وہ دارالعلوم اور دارالاقامہ کی مصلحت کو سامنے رکھتے ہوئے استعمال کرے گا۔

☆ طلبۂ دارالاقامہ کو نگراں کی اجازت کے بغیر دارالعلوم کے احاطہ سے باہر جانے کی اجازت نہ ہوگی، خلاف ورزی کی صورت میں نگراں مناسب سزا تجویز کریگا، متواتر خلاف ورزی کی صورت میں ان کے نام مہتمم کے سامنے اس غرض سے پیش کرے گا کہ وہ ان کو دارالاقامہ سے خارج کردے۔

☆ عموماً طلبہ کو بغرض تفریح وخرید اشیاء بعد نماز جمعہ تا نماز مغرب دارالاقامہ سے باہر جانے کی اجازت دی جاتی ہے، بقیہ ایام میں نگراں دارالاقامۃ اپنی صوابدید سے اجازت دیتا ہے۔

☆ طلبۂ دارالاقامہ کو مہتمم کی اجازت کے بغیر انجمن کے جلسوں کے علاوہ کوئی غیر معمولی جلسہ منعقد کرنے، یا کسی بیرونی مہمان کو پارٹی مدعو کرنے، یا کسی غیر استاد کو تقریر کی دعوت دینے کا اختیار نہ ہوگا۔

## ۳-دارالاقامہ کے اندر رہنے والے طلبہ کے لیے ضروری سامان

دارالاقامہ میں قیام کرنے والے طالب علم کے لیے کم از کم چھ جوڑے کپڑے، دو چادریں، ایک تکیہ وبستر کے علاوہ چند برتن مثلاً پلیٹ، پیالے، چھوٹی پتیلی، بالٹی، ناشتہ دان کم از کم تین ڈبوں کا ہونا ضروری ہے، سونے کے لیے تخت لکھنو پہونچ کر خریدا جاسکتا ہے۔

## ۴-مجالس طلبہ

☆ الاصلاح: طلبۂ دارالعلوم کی ایک علمی مجلس ہوگی، اس کا نام ''جمعیۃ الاصلاح'' ہوگا۔ اس مجلس کا صدر مہتمم دارالعلوم ہوگا۔

☆ طلبہ میں عملی وانتظامی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے اس مجلس کے انتظامات طلبہ کے ہاتھوں انجام دیے جائیں گے۔

☆ صدر اپنی معاونت کے لیے کسی استاد کو مقرر کرے گا، جو ''مربی'' کہلائے گا۔

☆ النادی العربی: عربی تقریر وتحریر اور مطالعہ کا ذوق وشوق بڑھانے کے لیے طلبہ کی ایک علاحدہ انجمن ''النادی العربی'' ہوگی جو دارالعلوم کے شعبۂ ادب کے زیر نگرانی کام کرے گی اور شعبہ کا صدر اس کا صدر ہوگا۔

☆ ''النادی العربی'' کی طرف سے ہر ہفتہ جمعرات کے روز عربی جلسے منعقد ہوا کریں گے جن میں تمام طلبائے دارالعلوم کی شرکت ضروری ہوگی۔

## ضروری انتباہ

☆ ہر طالب علم کے لیے نماز جماعت سے پڑھنا لازمی ہے، اس کے لیے مہتمم یا نگراں کو حاضری لینے اور تنبیہ کرنے کا اختیار ہے۔

☆ طلباء کا غیر شرعی وضع بنانا قابل مواخذہ جرم ہے، اگر نگراں کی فہمائش، تنبیہ وممانعت کے باوجود کوئی طالب علم اس کا مرتکب ہوا تو اس کو دارالاقامہ اور دارالعلوم دونوں سے خارج کرنے کی سزا دی جاسکتی ہے۔

☆ ہر طالب علم سے ورزش کے لیے -/100 روپے سالانہ فیس لی جائے گی، بعد نماز عصر طلبہ احاطہ کے اندر قبل مغرب تک کھیلا کریں گے اور اذان مغرب سے دس منٹ پہلے کھیل بند کر دیا جائے گا۔

☆ وسط سال میں طلبۂ دارالعلوم کا باقاعدہ ششماہی امتحان ہوگا اور اختتام سال پر سالانہ امتحان ہوگا۔

☆ بہ لحاظ ایام تعلیم کے جن طلبہ کی سالانہ حاضری کا اوسط ۸۰ فیصد سے کم ہوگا یا جو طلبہ بلا اجازت مہتمم ششماہی امتحان میں شریک نہ ہوں گے ان کو سالانہ امتحان میں شرکت کا موقع نہیں دیا جائے گا۔ ضرورت سمجھی جائے گی تو ماہانہ جانچ کا بھی نظم کیا جائے گا۔

☆ ششماہی امتحان میں ہر مضمون کا امتحان ۲۰ نمبروں میں اور سالانہ امتحان ۸۰ نمبروں میں ہوا کرے گا۔ کامیابی کے لیے دونوں امتحانوں کے نمبروں کا مجموعہ ۴۰ ہونا چاہئے، ضرورت ہوئی تو نمبروں کی تقسیم میں تبدیلی لائی جائے گی۔



☆ دارالعلوم کے کسی طالب علم کو یہاں کے زمانہ تعلیم میں کسی دوسری جگہ پڑھنے یا کسی دوسرے امتحان کے لیے تیاری کرنے کی مطلق اجازت نہ ہوگی۔ اس کی خلاف ورزی پر اس کو دارالاقامہ اور دارالعلوم دونوں سے خارج کر دیا جائے گا۔

## ۵۔ وظائف

☆ ایسے غیر مستطیع طالب علموں کو جو خود یا ان کے ولی، دارالاقامہ کے مصارف برداشت نہیں کرسکتے بشرط گنجائش دارالعلوم کی طرف سے دارالاقامہ کے مصارف کے لیے وظیفہ دیا جاسکتا ہے۔ یہ وظیفہ عالیہ درجات کے طلبہ کے لیے مخصوص ہوگا جو بالعموم درجہ عالیہ اولیٰ اور اس کے اوپر درجہ کے طالب علم کو دیا جائے گا۔

☆ جو غیر مستطیع طالب علم امتحان سالانہ میں ناکام رہے گا اس کا وظیفہ آئندہ سال جاری نہ کیا جائے گا۔

☆ وظیفہ حاصل کرنے کے لیے ضروری ہے کہ طالب علم اولاً اپنے مقام سکونت کی دو معزز شخصیتوں کی تحریری تصدیق حاصل کر کے داخل کرے۔ یا مجوزہ فارم پر ان سے تصدیق لکھوائے۔

☆ اس وظیفہ کی مدت صرف ایک سال کی ہوگی۔ آئندہ سال کے لیے جو طلبہ سالانہ امتحان میں کامیاب ہوں گے اور ان کی اخلاقی، دینی اور تعلیمی حالت سے مہتمم دارالعلوم مطمئن ہوگا ان کے وظیفہ کی توسیع کر دی جائے گی، بصورت دیگر توسیع نہ ہوگی۔

☆ ورزش، دارالمطالعہ، روشنی وغیرہ کی معمولی فیس وظیفہ میں شامل نہ ہوگی، بلکہ طالب علم کو خود ادا کرنی ہوگی۔

## ۶۔ اوقات تعلیم

☆ تعلیم کا وقت پانچ گھنٹے چالیس منٹ ہوگا جو سات حصوں میں تقسیم کیا جائے گا۔ ہر حصہ تقریباً ۵۰ منٹ کا ہوگا اور جب تعلیم دو وقت کی ہوا کرے گی تو سات تعلیمی گھنٹوں کے علاوہ درمیان میں ظہر کے وقت نماز کے لیے چھٹی ہوگی۔

☆ معہد متوسط سے ثانویہ خامسہ تک روزانہ آٹھ تعلیمی گھنٹے ہوا کریں گے، درمیان میں ۲۰ منٹ کا انٹرول بھی ہوگا۔

☆ دارالعلوم میں چھوٹے بچوں کے درجات (روضہ تا پنجم) معہد ابتدائی اور ششم تا دہم ثانوی شمار ہوتے ہیں۔

## چھوٹے طلبہ کے دارالاقامہ سے متعلق ضروری معلومات

☆ ثانویہ اولیٰ تا ثانویہ خامسہ کی تعلیم کا نظم معہد دارالعلوم واقع سکروری میں ہے۔

☆ ابتدائی درجات کی تعلیم اب صرف مکاتب شہر میں ہوتی ہے۔

☆ ابتدائی درجات کی تعلیم کا نظم دارالاقامہ میں قیام کے ساتھ صرف مدرسہ اسلامیہ (معہد سیدنا ابی بکر صدیق) سمرہیا مہپت مئو میں ہے۔

☆ کم سے کم دس سال کا بچہ جو اپنی ضروریات خود پوری کر لیتا ہو، دارالاقامہ میں داخل کیا جاسکتا ہے۔

☆ دس سال سے زیادہ عمر والا بچہ چھوٹے طلبہ کے دارالاقامہ میں نہیں لیا جائے گا۔

☆ بستر پر پیشاب کر دینے والا بچہ یا گھر یاد کر کے مسلسل رونے والا بچہ دارالاقامہ میں نہیں رکھا جاسکتا۔

☆ چھوٹے بچوں کی دیکھ بھال اور خدمات پر مرد ہی مامور ہیں۔ عورتوں کا انتظام نہیں ہے۔

☆ کپڑے ہر بچہ کے پاس کم سے کم چھ جوڑے ہونا مناسب ہے تاکہ دو جوڑے دھوبی کے پاس ہوں تو دو جوڑے بچہ استعمال میں رکھے اور دو جوڑے وقتی ضرورت کے لیے محفوظ ہوں، گرمیوں کے لیے کرتا پائجامہ، ٹوپی، بنیائن، اور جاڑوں کے لیے یہی کپڑے قدرے موٹے ہوں یا اونی ہوں، ایک اچھا سوئٹر، موزے، مفلر، اور ممکن ہو تو چسٹر یا شیروانی بھی ہو۔

☆ بش شرٹ اور پتلون کی اجازت نہیں ہے۔ یہ لباس یہاں منع ہے۔

☆ جوتے ایک جوڑ چمڑے کے، ایک جوڑ کینوس کے ورزش کے لیے اور ایک جوڑ چپل



وضو کے لیے ہونا چاہئے۔

☆ جملہ سامان رکھنے کے لیے ایک صندوق جو بڑا نہ ہو۔

☆ تخت ۵ فٹ لمبا، ڈھائی فٹ چوڑا ہو۔

☆ ایک ناشتہ دان کم از کم تین ڈبوں کا، ایک چھوٹا لوٹا، چمچہ، پلیٹ اور ایک پیالہ، پانی پینے کا گلاس۔

☆ بستر میں گرمیوں کے لیے دری، تکیہ، دو غلاف اور چادریں، مگر چادریں دارالاقامہ کے نگراں کے ذریعہ ہی خریدی جائیں تاکہ یکسانیت رہے، جاڑوں میں معقول توشک و رضائی کی بھی ضرورت ہوگی، کیونکہ سردی یہاں سخت ہوتی ہے۔

# درجہ روضہ Pre - Nursery

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔عربی قاعدہ وقرآن مجید | حروف شناسی، آسان نورانی قاعدہ<br>سورہ فاتحہ وسورہ اخلاص حفظ | ۱۲ |
| ۲۔دینیات وتربیتی مضمون | کلمۂ طیبہ، تعوذ، بسملہ، کلمات تسبیح فاطمی (زبانی یاد کرانا)<br>بچوں کو آسان زبان میں اخلاقی کہانیاں سنانا | ۶ |
| ۳۔اردو | حروف شناسی (ہماری کتاب "قاعدہ نستعلیق" مرکزی مکتبہ اسلامی)<br>حروف تہجی کی مشق تختی پر | ۶<br>۶ |
| ۴۔حساب | پچاس تک گنتی لکھنا و یاد کرنا | ۶ |
| ۵۔سماجی علوم | والدین اور بڑوں کا ادب۔ تعلق والوں کے ساتھ اخلاق برتنا، جسم کی صفائی خاص کر ناخن، دانت، بالوں اور ناک کی صفائی کی عملی تربیت | ۶ |
| ۶۔ورزش | کھیل و پی ٹی کی آسان مشقیں کرائی جائیں | ۶ |
| | | ۴۸ |

نوٹ: اس درجہ میں داخلہ کے لیے شرط ہے کہ بچہ بول لیتا ہو، نیز بچہ پاخانہ پیشاب سے خود سے فارغ ہو لیتا ہو۔

(انٹرول میں طلبہ مدرسہ ہی میں رہیں گے)



# درجہ اطفال Nursery

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔قرآن مجید | عربی قاعدہ، یسرنا القرآن۔<br>سورۃ الفیل سے سورۃ الناس تک حفظ مع صحت مخارج | ۶ |
| ۲۔دینیات | کلمۂ طیبہ، کلمۂ شہادت، پوری نماز مع التحیات، دعائے قنوت<br>ودرود شریف ووضو ونماز کی عملی مشق | ۶ |
| ۳۔تربیتی مضمون | بچوں کو آسان زبان میں اخلاقی کہانیاں سنانا۔<br>اللہ کے رسولؐ، از حکیم شرافت حسین (بچوں کے لیے)<br>اور اچھے قصے از ڈاکٹر ارشد حسین (صرف استاد کے لیے) | ۶ |
| ۴۔اردو | ہماری کتاب حصہ دوم (مرکزی مکتبہ اسلامی)<br>اردو نقل واملا وخوش خطی تختی یا کاپی پر | ۶<br>۶ |
| ۵۔حساب | کتاب (حساب، درجہ اول) اعادہ سو تک گنتی<br>پہاڑہ ۱ر سے ۱۰ر تک، معمولی جوڑ اور گھٹاؤ، معمولی ضرب | ۶ |
| ۶۔سماجی علوم | گھر، خاندان، مدرسہ، مسجد، محلّہ، بازار پر زبانی گفتگو،<br>جسم کی صفائی کی عملی مشق۔ | ۶ |
| ۷۔کھیل و پی ٹی باغبانی | کھیل کود و پی ٹی کی آسان مشقیں<br>اور پودوں کی سینچائی | ۳ |
| ۸۔ہندی | حروف شناسی (اکچھر مالا، مرکزی مکتبہ اسلامی) | ۳ |

نوٹ: اس درجہ میں داخلہ کے لیے شرط ہے کہ بچہ ہر ایک سے بے تکلف بات چیت کرتا ہو، نیز عمر ۶ تا ۸ سال ہونی چاہئے۔

# درجۂ اول Class I

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔قرآن مجید | پارہ عم ناظرہ، سورۃ القدر سے سورۃ الناس تک حفظ۔مع پچھلا اعادہ | ۶ |
| ۲۔دینیات | پچھلے درجہ کے نصاب کا اعادہ، مولانا علی میاں صاحب کی کتاب ''دعائیں'' سے ۱۰ منتخب دعائیں (حفظ) نماز کی عملی مشق | ۶ |
| ۳۔تربیتی مضمون | نور الایمان۔از حکیم عبدالحی صاحب<br>ہمارا ایمان، حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ، از حکیم شرافت حسین<br>بچوں کی قصص الانبیاء (حصہ اول) از امۃ اللہ تسنیم<br>اچھے قصے، از ڈاکٹر ارشد حسین (استاد کے لیے)<br>بچوں کو آسان زبان میں اخلاقی کہانیاں سنائی جائیں | ۶ |
| ۴۔اردو | ہماری کتاب حصہ سوم، مرکزی مکتبہ اسلامی۔<br>اور املا تختی یا کاپی پر۔ | ۶<br>۶ |
| ۵۔حساب | NCERT کی کتاب ''ریاضی کا جادو'' حصہ اول۔ | ۶ |
| ۶۔سماجی علوم | سمتوں کے نام اور ان کی پہچان، قطب نما، قطب تارہ، اسلامی اور انگریزی مہینوں کے نام، ڈاک خانہ، بینک، تھانہ، اسپتال کے بارے میں زبانی معلومات، صحت وصفائی کے فوائد، ہم کیا کھائیں اور کیسے کھائیں؟ غلط کھانے سے پیدا ہونے والی بیماریاں (زبانی) | ۳ |
| ۷۔کھیل و پی ٹی<br>انگریزی | کھیل کود اور پی ٹی کی آسان مشقیں<br>ABC Primer 1st, Rain Drops,Book one | ۳<br>۳ |
| ۸۔ہندی | ہماری پوتھی حصہ اول، مرکزی مکتبہ اسلامی | ۳ |



# درجۂ دوم Class II

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔قرآن مجید | سات ابتدائی پارے ناظرہ صحت مخارج کے ساتھ، سورۃ الشمس سے سورۃ الناس تک حفظ | ۶ |
| ۲۔دینیات | پچھلے درجہ کے نصاب کا اعادہ، مولانا علی میاں صاحب کی کتاب ''دعائیں'' سے ۲۱ منتخب دعائیں (حفظ) نماز اور روزہ کی اہمیت وطریقہ، اسلام کی تعلیم از ڈاکٹر مولانا سید عبدالعلی صاحب | ۶ |
| ۳۔تربیتی مضمون | حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، از حکیم شرافت حسین صاحب<br>بچوں کی قصص الانبیاء حصہ دوم از امۃ اللہ تسنیم صاحبہ | ۶ |
| ۴۔اردو | ہماری کتاب حصہ چہارم مرکزی مکتبہ اسلامی، ترانۂ ندوہ اور دینی واسلامی کچھ نظمیں یاد کرانا، قواعد کلمہ اور اس کے اقسام، اسم اور اس کی قسمیں (استاذ سمجھا کر لکھوادے) نقل نویسی، خوش خطی اور املا کاپی پر | ۶ |
| ۵۔حساب | NCERT کی کتاب ''ریاضی کا جادو'' حصہ دوم۔ | ۶ |
| ۶۔سماجی علوم | اصطلاحات جغرافیہ، اپنے ضلع کا جغرافیہ، آب وہوا، صنعت وحرفت، اہم مقامات۔ | ۳ |
| ۷۔عام معلومات | ابتدائی سائنس حصہ اول (دینی تعلیمی کونسل) | ۶ |
| ۸۔ہندی | NCERT کی کتاب ''رم جھم'' حصہ اول | ۳ |
| ۹۔پی ٹی وکھیل | کھیل کود اور پی ٹی کی آسان مشقیں | ۳ |
| ۱۰۔انگریزی | Rain Drops,Book Two | ۳ |

# درجۂ سوم Class III

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔قرآن مجید | آٹھویں پارہ سے بیسویں پارہ تک ناظرہ صحت مخارج کے ساتھ، سورۃ الغاشیہ سے سورۃ الناس تک حفظ | ۶ |
| ۲۔دینیات | پچھلے درجہ کی یاد کی ہوئی دعاؤں کا اعادہ، اذان کے بعد کی دعا، نماز جنازہ کی دعا، اچھی باتیں حصہ چہارم از حکیم شرافت حسین | ۶ |
| ۳۔تربیتی مضمون | بچوں کی قصص الانبیاء حصہ سوم از امۃ اللہ تسنیم صاحبہ | ۴ |
| ۴۔اردو | ہماری کتاب، حصہ پنجم، مرکزی مکتبہ اسلامی، ترانۂ اقبالؔ اور اسی قسم کی دوسری اخلاقی نظمیں یاد کرانا، قواعد صفت، ضمیر اور اس کے اقسام، واحد، جمع، نقل نویسی، خوش خطی، املا | ۸ |
| ۵۔حساب | NCERT کی کتاب ''ریاضی کا جادو'' حصہ سوم۔ | ۶ |
| ۶۔سماجی علوم ماحولیات | صوبہ کا جغرافیہ، جائے وقوع، آب وہوا، پیداوار، صنعت وحرفت تاریخی مقامات (NCERT کی کتاب ''آس پاس'' سوم) | ۳ |
| ۷۔عام معلومات | ابتدائی سائنس حصہ دوم از دینی تعلیمی کونسل | ۶ |
| ۸۔ہندی | NCERT کی کتاب ''رم جھم'' حصہ دوم۔ | ۳ |
| ۹۔انگریزی | NCERT کی کتاب Marigold, Book Three | ۶ |
| | | |



# درجۂ چہارم Class IV

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۳۵ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۳۵ منٹ

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔قرآن مجید | اکیسویں پارہ سے آخر تک ناظرہ صحت مخارج کے ساتھ، سورۃ البروج سے سورۃ الناس تک حفظ | ۶ |
| ۲۔دینیات | پچھلی یاد کی ہوئی دعاؤں کا اعادہ، ادائیگی نماز کی صحت، تعلیم الاسلام از مولانا عبدالحی صاحب، اس کی ساری دعاؤں کا یاد کرنا | ۴ |
| ۳۔تربیتی مضمون | بچوں کی قصص الانبیاء حصہ چہارم، از امۃ اللہ تسنیم صاحبہ | ۳ |
| ۴۔اردو | ہماری کتاب، حصہ ششم۔قواعد، فعل، تمیز اور ان کے اقسام، مذکر، مونث مدرسہ شروع ہونے پر پڑھی جانے والی حمد، ترانہ اور اخلاقی نظمیں یاد کرنا، کہاوتیں، ضرب المثل، عبارت میں جگہوں کا پر کرنا، خوشخطی، املا | ۶ |
| ۵۔حساب | NCERT کی کتاب ''ریاضی کا جادو'' حصہ چہارم۔ | ۶ |
| ۶۔سماجی علوم ماحولیات | ہندوستان کا جغرافیہ، قدرتی حصہ، آب وہوا، پیداوار، کارخانے، صنعت وحرفت وتاریخی مقامات، تاریخ اسلامی، خلافت راشدہ۔(از غلام رسول مہرؔ) NCERT کی کتاب ''آس پاس''۔حصہ چہارم | ۳ |
| ۷۔معلومات عامہ | ابتدائی سائنس حصہ سوم از دینی تعلیمی کونسل | ۶ |
| ۸۔ہندی | NCERT کی کتاب ''رم جھم'' سوم۔ | ۳ |
| ۹۔انگریزی | NCERT کی کتاب Marigold, Book Four | ۶ |
| ۱۰۔عربی زبان | دروس اللغۃ العربیۃ، از: ڈاکٹر ف عبدالرحیم، حصہ اول | ۴ |

# Class V درجۂ پنجم

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۲۰ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۴۰ منٹ

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔تجوید | حدر کی مشق، یاد کی ہوئی سورتوں کا اعادہ وتجوید | ۳ |
| ۲۔دینیات وتربیتی مضمون | تعلیم الاسلام حصہ دوم وسوم از مفتی کفایت اللہ صاحب<br>بچوں کی قصص الانبیاء، حصہ پنجم، رحمت عالمؐ، از سید سلیمان ندویؒ | ٦ |
| ۳۔اردو | ہماری کتاب، حصہ ہفتم، قواعد، پچھلے نصاب کا اعادہ، حروف اور اس کے اقسام، انفرادی واجتماعی نظموں کا یاد کرنا، خطوط نویسی رخصت کی درخواست۔ | ٦ |
| ۴۔عربی زبان | (۱) دروس اللغۃ العربیۃ، از ڈاکٹر ف عبدالرحیم، دوم<br>(۲) دروس الاشیاء والمحاورۃ العربیہ (مع مشق بات چیت) | ٦<br>۳ |
| ۵۔انگریزی | دیکھیں صفحہ نمبر ۱۸ | ٦ |
| ٦۔ہندی | NCERT کی کتاب ''رم جھم'' چہارم | ۴ |
| ۷۔سماجی علوم | NCERT کی کتاب ''آس پاس'' حصہ پنجم | ۴ |
| ۸۔معلومات عامہ | NCERT کی کتاب: سماجی اور سیاسی زندگی برائے درجہ پنجم | ۴ |
| ۹۔ریاضی | ریاضی کا جادو، حصہ پنجم | ٦ |
| | | ۴۸ |



# CLASS : (V)

## Book (Prose)

☆ Marigold Five, NCERT

## Grammar

☆ New Light in General English (for Class 5th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

## Translation

Do

## Essays

1. Our Masjid
2. Our School
3. The Cow
4. The Dog
5. The Horse

# درجہ ششم (الثانویۃ الاولی) Class VI

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۲۰ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۴۰ منٹ

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔تجوید | مشق تجوید مع ضروری قواعد | ۳ |
| ۲۔دینیات وتربیتی مضمون | تعلیم الاسلام حصہ چہارم از مفتی کفایت اللہ صاحب<br>مثالی حکمراں از مولانا عبدالسلام قدوائی ندوی | ۳ |
| ۳۔عربی زبان | (۱) قصص النبیین حصہ اول از مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندوی<br>(۲) دروس اللغۃ العربیۃ از ڈاکٹر ف عبدالرحیم، حصہ سوم | ۴<br>۴ |
| ۴۔عربی قواعد | (الف) صرف: تمرین الصرف مع مشق، از: مولانا معین اللہ ندوی<br>(ب) نحو: تمرین النحو مع مشق، از: مولانا محمد مصطفیٰ ندوی | ۴<br>۴ |
| ۵۔اردو | ہماری کتاب، حصہ ہشتم سے نظم ونثر کے دس منتخب اسباق، قواعد: جملہ اجزاء مبتداء، خبر، فاعل، فعل، مفعول، ترکیب نحوی، نظم خوانی: بیت بازی کے لیے اشعار یاد کرنا، خطوط نویسی، مضمون نگاری | ۳ |
| ۶۔فارسی | صفوۃ المصادر، فارسی کی پہلی کتاب مع مشق بول چال وترجمہ | ۳ |
| ۷۔انگریزی | دیکھیں صفحہ نمبر ۲۰ | ۶ |
| ۸۔سائنس | NCERT کی کتاب Science 6th | ۴ |
| ۹۔سماجی علوم | NCERT کی کتاب: سماجی اور سیاسی زندگی برائے درجہ ششم | ۳ |
| ۱۰۔ہندی | ارم جھم، حصہ پنجم | ۳ |
| ۱۱۔حساب | NCERT کی کتاب: Mathematics | ۴ |



# CLASS : SANVIA ULA (VI)

## Book

☆ Honeysuckle V1

## Grammar

☆ New Light in General English (for Class 6th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

## Translation

Do

## Essays

1. The Last Prophet
2. The Great Leader
3. My School
4. The Lion
5. The Peacock
6. The Policeman

# درجہ ہفتم (الثانویۃ الثانیۃ) Class VII

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۲۰ منٹ کا انٹرول) ہر گھنٹہ ۴۰ منٹ

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔تجوید | (پہلی ششماہی) تسہیل التجوید مع مشق<br>(دوسری ششماہی) مظہر التجوید مع مشق مختلف سور۔ | ۳ |
| ۲۔دینیات وتربیتی مضمون | تعلیم القرآن از مولانا محمد اویس نگرامی صاحب ندوی | ۲ |
| ۳۔عربی زبان | (۱)۔قصص النبیین حصہ دوم از مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندوی<br>(۲)۔القرأۃ الراشدۃ، حصہ اول | ۲<br>۲ |
| ۴۔الانشاء | معلم الانشاء، حصہ اول، از: مولانا عبدالماجد ندوی، (۴۰ تمرینات) | ۳ |
| ۵۔صرف | کتاب الصرف مع زبانی مشق | ۶ |
| ۶۔نحو | کتاب النحو مع زبانی مشق | ۶ |
| ۷۔اردو<br>۸۔فارسی | ہماری کتاب حصہ نہم<br>آمدنامہ، گلزار دبستاں۔فارسی کی دوسری (تحریری مشق کے ساتھ) | ۳<br>۳ |
| ۹۔انگریزی | دیکھیں صفحہ نمبر ۲۲ | ۶ |
| ۱۰۔سائنس | NCERT کی کتاب Science 7th | ۳ |
| ۱۱۔حساب | NCERT کی کتاب: Mathematics7th | ۳ |
| ۱۲۔سماجی علوم | NCERT کی کتاب سیاسی اور سماجی زندگی برائے درجہ ہفتم | ۳ |
| ۱۳۔ہندی | NCERT کی کتاب: ''وسنت'' حصہ اول | ۳ |
| | | ۴۸ |



# CLASS : SANAVIA SANIA (VII)

## Book

☆ Honeycomb V11

## Grammar

☆ New Light in General English (for Class 8th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

## Translation

Do

## Essays

1. Our Prayers
2. My Neighbour
3. Railway Journey
4. My Best Teacher
5. My Mother / Father
6. Farmer

# Preparing for VIII اعدادیہ

روزانہ ۸ گھنٹے (درمیان میں ۲۰ منٹ کا انٹرول) (ہر گھنٹہ ۴۰ منٹ کا)

| | | |
|---|---|---|
| ۱ | قصص النبیین ۱،۲۔ ودروس اللغۃ العربیۃ از ڈاکٹر ف عبدالرحیم اول | ٦ |
| ۲<br>۳ | اردو نقل واملا: ہماری کتاب از ایم افضل حسین، پنجم وششم | ٦ |
| ۴ | القراءۃ الراشدۃ، اول، ودروس اللغۃ العربیۃ از ڈاکٹر ف عبدالرحیم دوم | ٦ |
| ۵ | انگریزی (دیکھیں صفحہ ۲۴) + ہفتہ میں ایک روز ہندی (NCERT کی کتاب : ''وسنت'' حصہ اول) | ٦ |
| ٦ | صرف تمرین الصرف وکتاب الصرف | ٦ |
| ۷ | نحو تمرین النحو وکتاب النحو | ٦ |
| ۸ | التعبیر: معلم الانشاء، اول (۴۰ ر تمرینات) | ٦ |
| ۹ | سائنس: NCERT کی کتاب Science 7th<br>حساب: NCERT کی کتاب: Mathematics7th<br>سماجی علوم: NCERT کی کتاب سیاسی اور سماجی زندگی برائے درجہ ہفتم | ٦ |

۴۸

اس درجہ میں داخلہ کے لیے ضروری ہے کہ حفظ پختہ ہو اور اردو آتی ہو۔



# CLASS : ADADIYAH

## Book

- ☆ Honeycomb V11

## Grammar

- ☆ New Light in General English (for Class 8th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

## Translation

Do

## Essays

1. Our Prayers
2. My Neighbour
3. Railway Journey
4. My Best Teacher
5. My Mother / Father
6. Farmer

# درجہ ہشتم (الثانوية الثالثة) Class VIII

٤٨ حصة أسبوعيًا — كل حصة ٤٠ دقيقة

| ١_الموضوع | المقررات | |
|---|---|---|
| ٢_الفقه | االفقه الميسر للأستاذ شفيق الرحمن الندوي (كاملا) | ٦ |
| ٣_الإنشاء | الجزء الأول من معلم الانشاء(من بعد الدرس الأربعين إلى انتهاء الكتاب) | ٥ |
| ٤_اللغة العربية | قصص النبيين ج ٣،و النصف الأول من الجزء الرابع<br>والقراء ة الراشدة الجزء الثانى(١) مع التمرينات | ٦<br>٦ |
| ٥_النحو العربي | هداية النحو(٢) مع التمرينات | ٦ |
| ٦_الصرف العربى | علم التصريف (٣) | ٥ |
| ٧_الانجليزية | صفحہ نمبر ٢٦ پر دیکھئے | ٦ |
| ٨_العلوم | NCERT کی کتاب Science 8th | ٢ |
| ٩_العلوم الاجتماعية | NCERT کی کتاب: جمہوری سیاست حصہ اول | ٢ |
| ١٠_الرياضيات | NCERT کی کتاب Mathematics 8th | ٢ |
| ١١_الهندية | NCERT کی کتاب: ''وسنت'' حصہ دوم | ٢ |

للمطالعة والاختبار:

قصص من التاريخ الاسلامى للأطفال ـ للشيخ أبي الحسن علي الحسني الندوي

(١) على المدرس الإكثار من التمارين وشرحها على السبورة۔

(٢) يعتنى المدرس بإفهام الطلبة أصول القواعد من خلال التمارين ويستعين بكتاب النحو الواضح للصفوف الابتدائية۔

(٣) يعتنى المدرس بتأهيل الطلبة لفهم نصوص الصرف مثل شذى العرف۔



# CLASS : SANVIA SALISA (VIII)

## Book

- ☆ Honeydew VIII

## Exercise

- ☆ 1st Five Questions from each Lesson & All Exercises.

## Grammar

- ☆ New Light in General English (for Class 8th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

## Translation

**Do**

## Essays

1. Library
2. A Journey By Train
3. My Favourite Teacher
4. your Favourite Game

# Class IX سال نہم

## الرابعة الثانوية

٤٨ حصة أسبوعيًا — كل حصة ٤٠ دقيقة

| الموضوع | المقررات | عدد الحصص في الأسبوع |
|---|---|---|
| ١ـالحديث | تهذيب الأخلاق | ٣ |
| ٢ـالفقه | مختصر القدورى(أبواب منتخبة من النصف الأول) | ٦ |
| ٣ـالنصوص الأدبية | القراء ة الراشدة الجزء الثالث(١) مع التمرينات | ٦ |
| ٤ـالترجمة والانشاء | على مستوى معلم الإنشاء الجزء الثانى (النصف الأول) | ٤ |
| ٥ـاالسيرة النبوية | النصف الأخير من قصص النبيين ،ج ٤، و ج ٥ كاملاً | ٦ |
| ٦ـالنحو | شرح قطر الندىٰ مع التمرينات (النصف الاول) | ٦ |
| ٧ـالتجويد | | ٣ |
| ٨ـالإنجليزية | انظر الصفحة ٢٨ | ٤ |
| ٩ـالعلوم الاجتماعية | NCERT کی کتاب جمہوری سیاست حصہ دوم | ٢ |
| ١٠ـالهندية | NCERT کی کتاب چھتیج حصہ اول اور سنچین اول | ٢ |
| ١١ـالرياضيات | NCERT کی کتاب Mathematics 9th | ٣ |
| ١٢ـالعلوم | NCERT کی کتاب Science 9th | ٣ |

للمطالعة والاختبار: صور من حياة الصحابة
للدكتور عبد الرحمن رأفت باشا ج١،

(١) يـمرن الأستاذ الطلبة على تطبيق قواعد الصرف والنحو علىٰ عبارة الكتاب وفهم وجوه الإعراب والصيغ والأبواب ويأمرهم بتسجيل المفردات بتفصيل الأسماء والأفعال فى دفاترهم۔
(٢) من كتاب الشيخ عبدالسلام القدوائي الندوي
(٣) مع التمرينات الإضافية۔



# CLASS : SANVIA RABIA (IX)

**Book**

☆ Beehive IX

**Exercise**

☆ 1st Five Questions from each Lesson & All Exercises.

**Grammar**

☆ New Light in General English (for Class 9th), Latest Revised Edition, Jawahar Prakashan Pvt. Ltd, Gaziabad.

**Translation:** Do

**Essays**

1. Your Hobby
2. Discipline
3. Rainy Season

# Class: Sanavia KHAMISA X

## الخامسة الثانوية

٤٨ حصة أسبوعياً — كل حصة ٤٠ دقيقة

| الموضوع | المقررات | عدد الحصص في الأسبوع |
|---|---|---|
| ١ـالتجويد | مشق | ٢ |
| ٢ ـ التفسير | سور مختارة: الأعراف، يونس، هود، يوسف الرعد، إبراهيم، مريم، طه، الأنبياء، الشعراء، النمل، القصص۔ | ٦ |
| ٣ـالحديث | رياض الصالحين (للإمام النووى) | ٦ |
| ٤ـالفقه | مختصر القدورى(أبواب منتخبة من النصف الثاني) | ٦ |
| ٥ـالأدب العربى | منشورات من أدب العرب للشيخ محمد الرابع الحسني الندوي، مع تحفيظ جميع الأبيات، و باب الأسد والثور من كليلة ودمنة لعبد الله ابن المقفع مع التمرين النحوى | ٦ |
| ٦ـالنحو | شرح قطر الندى(النصف الأخير) | ٤ |
| ٧ـالتعبير | تمرينات و كتابة موضوعات | ٤ |
| ٨ـاللغة الهندية | NCERT کی کتاب پھتج حصہ دوم اور سنچین حصہ دوم | ٢ |
| ٩ـالعلوم الاجتماعية | NCERT کی کتاب جمہوری سیاست حصہ سوم | ٢ |
| ١٠ـالإنجليزية | انظر الصفحة ٣٠ | ٤ |
| ١١ـالرياضيات | NCERT کی کتاب Mathematics 10th | ٣ |
| ١٢ـالعلوم | NCERT کی کتاب Science 10th | ٣ |

### للمطالعة و الاختبار:

صور من حياة الصحابة للدكتور عبد الرحمن رافت باشا، ج ٢، ٣، ٤



# CLASS : SANVIA KHAMISA (X)

## Book

☆ First Flight,Class 10th

## Grammar

☆ New Light in General English,(for class X)

## Translation

Do

## Essays

1. Your School
2. Your Favourite Game
3. Your Favourite Personality

# نصاب درجات خصوصی

## دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ

# مدت تعلیم صرف پانچ سال

اس مرحلۂ تعلیمی میں داخلہ حاصل کرنے کے لیے حسب ذیل شرائط ہیں:

۱۔ ہندوستانی طالب علم کم از کم انٹرمیڈیٹ ورنہ بی.اے ہو۔

۲۔ بیرونی ممالک کے طلباء کے لیے جن کے یہاں انگریزی زبان کا رواج عام ہو صرف اتنا کافی ہے کہ وہ انگریزی بولنے لکھنے میں مہارت رکھتے ہوں، معمولی جانچ کے بعد ان کو خصوصی میں داخلہ کی اجازت مل سکے گی لیکن اردو سے واقفیت نہ ہوگی تو ایک سال صرف اردو کی تعلیم دی جائے گی۔

۳۔ درجہ خصوصی سوم کے کامیاب طلباء کو درجہ عالیہ ثالثہ دارالعلوم میں داخلہ ملتا ہے۔



# درجہ خصوصی سال اول

| موضوع | مضامین نصاب | گھنٹے |
|---|---|---|
| ۱۔ سیرت نبوی | قصص النبیین (۱-۳) از مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندویؒ | ۶ |
| ۲۔ صرف | تمرین الصرف۔ از: مولانا معین اللہ ندویؒ | ۶ |
| ۳۔ نحو | ۱۔ تمرین النحو۔ از: مولانا محمد مصطفیٰ ندویؒ<br>۲۔ تمرین النحو (دوم)۔ از: مولانا سید عنایت اللہ ندویؒ | ۶ |
| ۴۔ عربی زبان وادب | ۱۔ دروس الاشیاء والمحاورۃ العربیۃ۔ از: مولانا محبوب الرحمٰن ندوی<br>۲۔ القراءۃ الراشدۃ اول ودوم از مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندویؒ | ۹ |
| ۵۔ اردو زبان | : ہماری کتاب حصہ سوم و چہارم مع نقل واملا۔ از: محمد افضل حسینؒ | ۶ |
| ۶۔ انشاء | : معلم الانشاء اول۔ از: مولانا عبدالماجد ندوی | ۳ |
| ۷۔ تجوید(۱) | تسہیل التجوید ۔از: قاری صدیق صاحب باندویؒ۔ | ۳ |
| ۸۔ نحوی وصرفی مشق | کتاب: عربی زبان کے دس سبق | ۳ |
| | | ۴۲ |

(۱) درس کے علاوہ خارج اوقات میں تصحیح تلاوت قرآن مجید، مع ضروری تجوید وحفظ سور (سورۃ الضحیٰ تا سورۃ الناس)

**مطالعہ:** مطالعہ: رحمت عالم از علامہ سید سلیمان ندویؒ

خلافت راشدہ از غلام رسول مہرؒ

# درجہ خصوصی سال دوم

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔تفسیر قرآن مجید | سورمختارة : الحجر، النحل، العنكبوت، الروم، لقمان، السجدة، سبأ، الفاطر، يٰس، الصافات، ص، الزمر، المؤمن، حم السجدة، الشورى، الزخرف، الدخان، الجاثية، الأحقاف۔ | ۶ |
| ۲۔حدیث نبویؐ | تہذیب الأخلاق وریاض الصالحین | ۴ |
| اصول حدیث | مقدمہ مشکاۃ | ۱ |
| ۳۔سیرت نبوی | قصص النبیین رابع وخامس از مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندوی | ۶ |
| ۴۔عربی زبان وادب | القراءۃ الراشدۃ ج ۳ از مولانا سید ابوالحسن علی حسنی ندوی ومنثورات من ادب العرب، از مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی | ۶ |
| ۵۔صرف | علم التصریف۔از: مولانا ڈاکٹر سعید الرحمٰن اعظمی ندوی | ۶ |
| ۶۔نحو | قطر الندی | ۶ |
| ۷۔فقہ | الفقہ المیسر ۔از: مولانا محمد علی ندوی | ۴ |
| ۸۔اصول فقہ | مبادی اصول الفقہ از: مولانا محمد اکرم ندوی | ۱ |
| ۸۔انشاء | معلم الانشاء، الجزء الاول | ۲ |
| | | ۴۲ |

۹۔ للمطالعة والاختبار :

(۱)قصص من التاريخ الإسلامي للشيخ الندوي (۲) تاریخ اسلامی (عصر اموی)

(۳)حفظ سور، سورۃ البروج تا سورۃ اللیل۔



# درجہ خصوصی سال سوم

| موضوع | مضامین نصاب | ہفتہ میں گھنٹوں کی تعداد |
|---|---|---|
| ۱۔تفسیر القرآن | سورمختارة: المائدة، الأنعام، الإسراء، الكهف، الحج، المؤمنون، النور، الفرقان، الأحزاب، محمد، الفتح، الحجرات ۔ | ۵ |
| العقیدۃ | العقیدۃ الطحاویۃ از ڈاکٹر محمد بن عبدالرحمٰن الخمیس | ۱ |
| ۲۔حدیث نبوی | مشکوٰۃ المصابیح ج۱-۲ | ۱۲ |
| ۳۔اصول الحدیث | تیسیر مصطلح الحدیث۔از: ڈاکٹر محمود طحان | ۲ |
| ۴۔فقہ | الہدایہ ج۱-۲ | ۹ |
| ۵۔اصول فقہ | آسان اصول فقہ۔از: مولانا خالد سیف اللہ رحمانی | ۱ |
| ۵۔عربی زبان وادب | مختارات اول، دوم، دیوان الحماسہ لابی تمام۔ | ۶ |
| ۶۔انشاء | معلم الانشاء دوم از مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی | ۳ |
| ۷۔البلاغۃ | البلاغۃ الواضحۃ | ۳ |
| | | ۴۲ |

۹۔ للمطالعة والاختبار :

(۱) إذا هبت ريح الإيمان، للشيخ أبي الحسن علي الحسني الندوي

(۲) التاريخ الاسلامى : العصر العباسى

حفظ سور: **سورة النبأ تا سورة الانشقاق۔**

نوٹ: خصوصی چہارم اور خصوصی پنجم کا نصاب تقریباً وہی ہے جو عالیہ ثالثہ شریعہ اور عالیہ رابعہ شریعہ کا ہے، اس لیے خصوصی سوم میں کامیاب ہونے والا طالب علم عالیہ ثالثہ میں داخل ہوگا۔